دھونے کے بعد
سکھانے والے
ٹوائلٹ۔ یہ کیا ہیں اور
مجھے ان کی ضرورت
کیوں پڑ سکتی ہے؟

closomat®

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کو باتھروم جانے سے وابستہ ضروریات کے سلسلے میں مدد درکار ہو تو ہم آپ کے لئے موجود ہیں۔

ہم جانتے ہیں کہ باتھروم جانے وقت تکلیف ہونا کس قدر مشکل ہو سکتا ہے۔ ہم یہ بھی سمجھتے ہیں کہ کچھ لوگوں کے لئے اس موضوع پر بات کرنا اور مدد حاصل کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔

اس لئے ہم نے آپ کے تمام ممکنہ ابتدائی سوالات کے جوابات کے لئے یہ کتابچہ تیار کیا ہے۔ ہم نے اپنے ایک خوش صارف کے متعلق معلومات بھی شامل کی ہیں، جو اپنے تجربے کے متعلق بات کر رہی ہیں اور ہمیں بتا رہی ہیں کہ Closomat کے دھونے کے بعد سکھانے والے ٹوائلٹ نے کس طرح ان کی زندگی بدل دی۔

اگر آپ مزید سوالات پوچھنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی اپنے مقامی ڈسٹری بیوٹر سے بلاجھجک رابطہ کریں یا ہم سے براہ راست بات کریں اور ہم آپ کی مدد کریں گے۔

"میں نے کبھی بھی دھونے کے بعد سکھانے والے ٹوائلٹ کے بارے میں نہیں سنا تھا، لیکن اس سے میری زندگی بدل گئی ہے۔"

جب ٹیریسا جیگو خستہ ہڈیوں اور آرتھرائٹس سے وابستہ اپنی روزمرہ زندگی کے مسائل کے سلسلے میں اپنے جی پی کے پاس گئیں تو انہیں توقع نہیں تھی کہ ان کا مقامی کونسل ان کے گھر میں نیا ٹوائلٹ لگوا کر دینے والا ہے۔

ٹیریسا کے صحت سے وابستہ مسائل کے باعث وہ خود کو اچھے سے دھو نہیں پاتی تھیں۔ ٹوائلٹ جانے کے بعد انہیں صاف محسوس کرنے کے لئے شاور لینے کی ضرورت ہوتی تھی۔ اپنے مقامی جی پی سے ملنے کے بعد انہیں مقامی اتھارٹی کی طرف ریفر کیا گیا تاکہ یہ معلوم کیا جا سکے کہ انہیں کیا مدد مل سکتی ہے۔ سوشل سروسز نے ان کا معائنہ کیا اور ان کے روم فرڈ کے گھر میں، جہاں وہ اپنے شوہر کے ساتھ رہتی ہیں، باتھروم میں Closomat کا دھونے کے بعد سکھانے والا ٹوائلٹ لگانے کے انتظامات کئے۔

ٹیریسا نے بتایا "میں گولیاں کھانے کے بارے میں سوچ رہی تھیں، تاکہ میرا باتھروم میں جانا بند ہو جائے۔ میرے لئے صاف رہنا بہت بڑی مصیبت تھا۔ میرا ہاتھ پیچھے نہیں جاتا تھا، اور میری کلائیاں اور ہاتھ اس طرح بنے ہوئے ہیں کہ میرے لئے ٹوائلٹ پیپر پکڑنا اور استعمال کرنا ناممکن تھا۔"

"میں نے کبھی بھی دھونے کے بعد سکھانے والے ٹوائلٹ کے بارے میں نہیں سنا تھا، لیکن اس سے میری زندگی بدل گئی ہے۔ یہ زبردست ہے۔ کبھی کبھار میں اس کی طرف دیکھتی ہوں اور خوشی سے اندر ہی اندر مسکراتی ہوں۔ اس سے بہت فرق پڑا ہے۔"

Palma Vita، زمین پر رکھا جانے والا دھونے کے بعد سکھانے والے ٹوائلٹ۔



آپ کے سوالات کے جوابات۔

دھونے کے بعد سکھانے والا ٹوائلٹ کیا ہے؟

آسان الفاظ میں دھونے کے بعد سکھانے والا ٹوائلٹ ایک ایسا آلہ ہے جس میں ٹوائلٹ، بڈے (bidet) اور ڈرائیر کے فنکشنز موجود ہیں۔

مجھے ان کی ضرورت کیوں پڑ سکتی ہے؟

ٹوائلٹ خود بخود فلش ہو جاتا ہے، آپ کو گرم پانی سے دھوتا ہے اور گرم ہوا سے سکھاتا ہے، اور اگر آپ کے لئے خود کو ٹوائلٹ پیپر سے صاف کرنا ممکن نہیں ہے، یا مشکل ثابت ہو رہا ہے تو یہ آپ کے لئے بہترین ہے۔ ہماری مصنوعات کو صحت کی دیکھ بھال کے پیشہ ور افراد سے مشاورت کے بعد بنایا گیا ہے اور ان کے کئی مختلف کلینیکل اور صحت اور خیریت سے وابستہ فوائد ہیں۔ انہیں منفرد طریقے سے کسٹمائز کیا جا سکتا ہے، اس لئے وہ آسان اور پیچیدہ ضروریات کے لئے بہترین حل ثابت ہو سکتے ہیں۔

کیا انہیں انسٹال کرنا مشکل ہے؟

بالکل بھی نہیں۔ آپ کے ڈسٹری بیوٹر دھونے کے بعد سکھانے والے ٹوائلٹ کا تجربہ رکھنے والے کسی پیشہ ورانہ انسٹالر کا نام تجویز کر سکتے ہیں، اور یہ ہمارے لئے بھی ممکن ہے۔ ہم نے اپنے ٹوائلٹس کو اس طرح ڈیزائن کیا ہے کہ انہیں آسانی سے انسٹال کیا جا سکے۔ اس کے علاوہ ہم یہ جاننے کے لئے کہ سب کچھ ٹھیک ہے، آپ کے سوالات کا جواب دینے کے لئے، یا تبدیلیاں کرنے کے لئے ایک بالکل مفت فولو اپ پیش کرتے ہیں، تاکہ یہ آپ کے لئے بالکل صحیح ہو۔

میری ضروریات بہت مخصوص ہیں - کیا اس سے میری مدد ہوگی؟

ہم جانتے ہیں کہ ایک ہی معذوری یا مرض کا شکار ہونے کے باوجود ہر ایک شخص مختلف ہوتا ہے۔ اسے لئے ہم اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ ہماری مصنوعات کو ہزاروں طریقوں سے کسٹمائز کیا جا سکے۔ یہ سننے میں تو پیچیدہ لگتا ہے، لیکن ایسا نہیں ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم نہ صرف اس وقت بلکہ مستقبل میں بھی آپ کی ضروریات تبدیل ہونے کی صورت میں آپ کو معاونت فراہم کر سکتے ہیں۔

آپ سالانہ سروس کا مشورہ کیوں دیتے ہیں؟

اگر آپ کے پاس گاڑی ہے یا کبھی گاڑی تھی تو آپ کو یہ بات اچھے سے معلوم ہوگی کہ وارنٹی ہونے کے باوجود بھی آپ کو باقاعدگی سے، عام طور پر سال میں ایک دفعہ، گاڑی کی سروس کروانے کی ضرورت ہے۔ سروس کروانے سے آپ کو مزید فوائد حاصل ہوتے ہیں: اس بات کا سکون کہ گاڑی اسی طرح چل رہی ہے جیسے اسے چلنا چاہیے، اور آپ ممکنہ چھوٹے مسائل کے بڑے مسئلے میں تبدیل ہونے سے پہلے ان کی نشاندہی کر سکتے ہیں۔ Closomat کے بعد دھونے کے بعد سوکھنے والے ٹوائلٹ کے ساتھ بھی ایسا ہی ہوتا ہے۔

ٹوائلٹ کی سالانہ بنیاد پر سروس کروانے سے اس بات کو یقینی بنایا جاتا ہے کہ یہ ٹھیک سے چل رہا ہے اور خرابیاں پیدا ہونے کی روک تھام ہوتی ہے۔ تمام اخراجات، بشمول پرزے اور مزدوری، شامل ہیں۔ آخرکار کسی بھی مصنوعے کو مینٹین کرنا اسے ٹھیک کروانے سے سستا ثابت ہوتا ہے!

Vita کے دھونے کے بعد سکھانے والے ٹوائلٹ کے فوائد، صرف Closomat کی جانب سے۔

انسٹال کرنا آسان

اپنے ورسٹائل ڈیزائن کی بدولت Closomat Vita رینج کو تقریبا تمام حالات میں انسٹال کرنا بہت آسان ہے، چاہے ہم زمین پر لگنے والے Palma Vita کی بات کریں یا دیوار پر لگے Lima Vita کی۔

صفائی کا بہترین تجربہ

مارکیٹ میں دستیاب سب سے موثر صفائی۔ ہمارا منفرد صفائی کا سائکل فلش ک بعد خودبخود شروع ہو جاتا ہے، اور آپ کو ایک صاف برتن کے اوپر گرم پانی سے صاف کرتا ہے اور آلودگی کے تمام خطرات مٹا دیتا ہے۔ اس کے بعد آپ کو گرم ہوا کی مدد سے سکھایا جاتا ہے۔ یہ سب آپ کی ضروریات کے مطابق مختلف طریقوں سے کنٹرول کیا جاتا ہے۔

پائیداری کے لئے بنایا گیا

تخلیق کاری کے عمل میں صرف اور صرف اعلی درجے کے پرزے استعمال کئے جاتے ہیں، جس میں اسٹوک آن ٹرینٹ میں ہماری اپنی فیکٹری میں بنائی گئی چینی سے لے کر انتہائی درستی سے انجنیئر کردہ اسٹین لیس اسٹیل کے شاور ہیڈ اور اعلی درجے کے الٹرا وائلٹ کی مدد سے مستحکم کردہ اور ٹکر سے مزاحمت رکھنے والے پلاسٹک شامل ہیں۔

مملکت متحدہ میں بنایا گیا

ہم مملکت متحدہ میں دھونے کے بعد سکھانے والے ٹوائلٹ کے واحد خصوصی تخلیق کار ہیں۔

فروخت کے بعد کی سہولیات

ہماری اپنی سروس کی ٹیم اور ہمارے اپنے فیلڈ کے انجنیئرز موجود ہیں، یعنی کہ ہم اپنی مصنوعات کے لئے فوری، متواتر اور ماہر بیک اپ سروس کو یقینی بنا سکتے ہیں۔ ہم سروس اور مینٹیننس کا ایک ایسا معاہدہ پیش کرتے ہیں جس میں اونچ نیچ کی کوئی گنجائش موجود نہ ہو، تاکہ ہم اس بات کو یقینی بنا سکیں کہ ہماری مصنوعات کئی سالوں تک کارآمد رہ سکیں۔

کسٹمائزیشن کی گنجائش

ہمارے ٹوائلٹس کو آپ کے جسم کے عین مطابق بنایا جاتا ہے تاکہ آپ کو صفائی کا بہترین تجربہ مل سکے۔ مارکیٹ میں اسیسریوں کی سب سے بڑی رینج دستیاب ہے، جس کے بدولت ہمارے ٹوائلٹس کو آپ کی ضروریات کے عین مطابق کسٹمائز کیا جا سکتا ہے اور بدلتی ہوئی ضروریات کے مطابق ڈھالا جا سکتا ہے۔

کنٹرولز	چھونے پر حساس ہاتھ/پیر سے چلنے والا سوئچ، پراکسی سوئچ، انفراریڈ ریموٹ کنٹرول
بیٹھنے کی جگہ	بڑوں کے لئے نرم سیٹ، بڑوں کے لئے ہارس شو کی شکل میں نرم سیٹ، بچوں کے لئے نرم سیٹ، بیری ایٹرک سیٹ
سہارا	سہارے کے لئے ضم کردہ بازو، جسم کے لئے لیٹرل سہارے، بازوؤں کے لئے نرم آستینیں
مطابقت	اسے کئی مختلف بنانے والوں کی شاور کرسیوں کے ساتھ استعمال کیا جا سکتا ہے۔

کیا Closomat ٹوائلٹس کی دیکھ بھال آسان ہے؟

Closomat کے ٹوائلٹ برطانیہ میں اعلی معیاری مواد، جیسے کہ ABS، فائرڈ وٹریئس چائنا، ڈیورا پلاسٹ اور آبی درجے کے اسٹین لیس اسٹیل، کے ساتھ بنائے جاتے ہیں۔

اپنے ٹوائلٹ کے ہر روز اور سالہا سال کام کرتے رہنے میں معاونت فراہم کرنے کے لئے ہماری صفائی اور دیکھ بھال کی بہترین ٹپس درج ذیل ہیں۔

1. آپ کے ٹوائلٹ کو نقصان سے بچانے کے لئے بیرونی کورز کو UV ایڈیٹو سے بنایا جاتا ہے۔ تاہم براہ راست اور طویل عرصے تک دھوپ سے دور رکھنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔

2. کسی بھی ننگی سطح پر مخرش صفائی کی مصنوعات استعمال نہ کریں۔

3. تیزاب، کلورین (بشمول بلیچ) اور تھنر پر مشتمل مصنوعات کا استعمال نہ کریں، کیونکہ اس سے آپ کی مصنوعات خراب ہو سکتی ہیں۔

4. ہم تمام سطحوں کی صفائی کے لئے ہلکے ڈیٹرجنٹ کو گرم پانی اور نرم کپڑے کے ساتھ استعمال کرنے کا مشورہ دیتے ہیں۔

5. مشورہ دیا جاتا ہے کہ مستقل نقصان سے بچنے کے لئے گرمی پیدا کرنے والے اشیاء، جیسے کہ موم بتیوں، کو تمام سطحوں سے دور رکھا جائے۔

6. کموڈ میں صفائی کی تیز مصنوعات کا استعمال کرتے وقت، بخارات سے ہونے والے نقصان کی روک تھام کے لئے سیٹ اور ڈھکن کو اوپر اٹھا کر رکھیں۔

کیا انہیں استعمال کرنا مشکل ہے؟

جی نہیں۔ صرف ایک بٹن کو چھونے سے سب کام ہو جاتے ہیں۔ اس کے کنٹرولز پیچیدہ نہیں ہیں، انہیں دو سے تین دفعہ دبانے کی بھی ضرورت نہیں ہے۔ بلکہ ایسے آپشنز بھی دستیاب ہیں جنہیں مکمل طور پر ہاتھوں کے بغیر استعمال کیا جا سکتا ہے۔

فلش کرنا



عام فلش کے لئے کھڑے رہتے ہوئے دونوں میں سے کوئی ایک کہنی کا پیڈ دبائیں۔

دھونا



بیٹھے ہوئے کہنی کے پیڈ کو تقریبا 10 سے 15 سیکنڈ کے لئے دبائیں، اس کے بعد فلش ہو جائے گا اور گرم پانی سے دھو دیا جائے گا۔

سکھانا



کہنی کے پیڈ کو چھوڑنے پر گرم ہوا کی مدد سے خود بخود سکھا دیا جائے گا۔

یہ دیکھنے کے لئے کہ Closomat Palma Vita
آپ کی زندگی کو کس طرح آسان بنا سکتے ہیں، QR
کوڈ اسکین کریں۔

Closomat Limited
,Building 1, Brooklands Place
,Brooklands Road
Sale, Cheshire, M33 3SD

فری فون: 076 374 0800
ٹیلی فون نمبر: 1199 969 0161
فیکس نمبر: 2711 973 0161

عمومی سوالات: info@closomat.co.uk
سیلز کے آرڈرز/سوالات: sales@closomat.co.uk
نرخ/قیمتیں: quotations@closomat.co.uk

برطانیہ میں ڈیزائن اور تیار کردہ

closomat®

closomat.co.uk